## **Dementia in a Friend** ایک دوست میں ڈیمنشیا

**James 5.16** Confess your faults one to another, and pray one for another, that you may be healed. The effectual fervent prayer of a righteous man avails much.

**جیمز 5.16**

پَس تُم آپس میں ایک دُوسرے سے اپنے اپنے گُناہوں کا اِقرار کرو اور ایک دُوسرے کے لِئے دُعا کرو تاکہ شِفا پاؤ۔ راستباز کی دُعا کے اثر سے بہُت کُچھ ہو سکتا ہے

**Mark 2 3-5.....10-12** And they come unto him, bringing one sick of the palsy, which was borne of four. And when they could not come near unto him for the press, they uncovered the roof where he was: and when they had broken it up, they let down the bed wherein the sick of the palsy lay. When Jesus saw their faith, he said unto the sick of the palsy, Son, your sins be forgiven thee. ........ But that you may know that the Son of man hath power on earth to forgive sins, (he said to the sick of the palsy,) I say unto you, Arise, and take up your bed, and go your way into your house. And immediately he arose, took up the bed, and went forth before them all; insomuch that they were all amazed.

**مارک 3.2 سے 5 اور 10 سے 12**

اور لوگ ایک مفلُوج کو چارآدمِیوں سے اُٹھوا کر اُس کے پاس لائے۔
مگرجب وہ بِھیڑ کے سبب سے اُس کے نزدِیک نہ آ سکے تو اُنہوں نے اُس چھت کو جہاں وہ تھا کھول دِیا اور اُسے اُدھیڑ کر اُس چار پائی کو جِس پر مفلُوج لیٹا تھا لٹِکا دِیا۔
یِسُوع نے اُن کا اِیمان دیکھ کرمفلُوج سے کہا بَیٹا تیرے گُناہ مُعاف ہُوئے۔

لیکِن اِس لِئے کہ تُم جانو کہ اِبنِ آدم کو زمِین پر گُناہ معُاف کرنے کا اِختیّار ہے (اُس نے اُس مُفلوج سے کہا)۔
مَیں تُجھ سے کہتا ہُوں اُٹھ اپنی چار پائی اُٹھاکر اپنے گھر چلا جا۔
اور وہ اُٹھا اور فِی الفَور چار پائی اُٹھا کر اُن سب کے سامنے باہِر چلا گیا۔ چُنانچہ وہ سب حَیران ہوگئے اور خُدا کی تمجِید کر کے کہنے لگے ہم نے اَیسا کبھی نہیں دیکھا تھا۔

**Matthew 14.36** And pleaded with him that they might only touch the hem of his garment: and as many as touched were made perfectly whole.

متھیو 14.36

اور وہ اُس کی مِنّت کرنے لگے کہ اُس کی پوشاک کا کِنارہ ہی چھُولیں اور جِتنوں نے چھُؤا وہ اچھّے ہوگئے۔

**1 Peter 4.19** commit the keeping of their souls to him in well doing, as unto a faithful Creator.

پطرس 1 4.19

پ َس جو خُدا کی مرضی کے مُوافِق دُکھ پاتے ہیں وہ نیکی کر کے اپنی جانوں کو وفادار خالِق کے سپُرد کریں۔

**1 Peter 2.25** For ye were as sheep going astray; but are now returned unto the Shepherd and Bishop of your souls.

پطرس 1 2.25

کِیُونکہ پہلے تُم بھیڑوں کی طرح بھٹکتے پھِرتے تھے مگر اَب اپنی رُوحوں کے گلّہ بان اور نِگہبان کے پاس پھِر آ گئے ہو۔

**Psalm 103 1-3** Bless the Lord, O my soul: and all that is within me, bless his holy name. Bless the Lord, O my soul, and forget not all his benefits: Who forgives all our sins; who heals all our diseases

زبور 103۔ 1 تا 3

ے میری جان ! خُداوند کو مُبارک کہہ اور جو کچھ مجھ میں ہے اُسکے قُدُّوس نام کو مُبارک کہے۔اَے میری جان! خُداوند کو مُبارِک کہہ اور اُس کی کِسی نعمت کو فراموش نہ کر

وہ تیری ساری بدکاری بخشتا ہے۔ وہ تجھے تمام بیماریوں سے شِفا دیتا ہے۔

Revivalpk    Bible Helps on line
آن لائن بائبل مدد کرتی ہے